**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2017**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 15 minutes Marks: 45**

April/ May Examination 2017

**ہدایات رج ذیل ہدایات کو غور سے**

آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

2۔ **خصوصی ہدایت:** اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نا کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نا کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نا کیجیے۔

صفحے کے چوَکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نا لکھیے۔ اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

## حصۂ نثر:

سوال۔1 (کل 7 نمبر)

(الف) سبق '**نیلی جھیل**' پڑھنے کے بعد آپ کے ذہن میں شفیق الرحمٰن کی نثر کی جو خصوصیات نمایاں طور پر اُبھرتی ہیں اُن میں سے کوئی **تین** خصوصیات تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

AKU-EB May Examination 2017

(ب) سبق '**شیخ سعدی**' میں الطاف حسین حالی نے درویش اور عالِم کا ذکر کرتے ہوئے جو خصوصیات بیان کی ہیں، آپ ان کا موازنہ کرتے ہوئے کوئی دو فرق تحریر کیجیے۔ (4 نمبر)

**عالِم:** ______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

**درویش:** ______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

## حصۂ نظم:

سوال۔2 (کل 8 نمبر)

(الف)

| |
|---|
| اگر میں خاک بھی ہوں گا تو آتش گردباد آسا |
| رکھے گی مجھ کو سرگشتہ کسی کی جستجو برسوں |

درج بالا شعر میں خط کشیدہ الفاظ کے مفہوم تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

AKU-EB May Examination 2017

(ب)

| |
|---|
| ہونٹوں پہ کبھی ان کے مرا نام ہی آئے |
| آئے تو سہی، برسرِ الزام ہی آئے |

درج بالا شعر کی تشریح کیجیے اور اس بات کی نشان دہی بھی کریں کہ یہ شعر مطلع ہے یا مقطع۔ (3 نمبر)

AKU-EB May Examination 2017

(ج) خواجہ حیدر علی آتش کو کن خصوصیات کی بنا پر لکھنؤ کے دبستانِ شاعری کا نمائندہ کہا جاتا ہے؟ کوئی **تین** خصوصیات ان کے کلام کی تفصیلاً تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

**تبصرہ نگاری:** (کل 7 نمبر)

سوال۔3

لندن کے ایک مقامی اخبار کے مطابق انفرادی ریکارڈ کے ساتھ تین بھائی چھے سالہ جیمز، آٹھ سالہ ٹوبن اور گیارہ سالہ ایڈین دنیا کی بلند ترین چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ کے بیس کیمپ کی اونچائی سر کرنے والے دنیا کے کم عمر ترین کوہ پیما بھائی بن گئے ہیں۔

کوئی بھی مشکل کام کرنے کے لیے عمر کی نہیں ارادے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ اس بات سے کس حد تک متفق ہیں؟ اپنے اِردگِرد موجود مثالوں کی مدد سے تفصیلی تبصرہ کیجیے۔

AKU-EB May Examination 2017

## تخلیقی تحریر:

سوال۔4 (کل 15 نمبر)

''سبزی کھانا اب تمہارے بس میں نہیں، سر کھانے کے لیے موبائل فون کی سم (SIM) لے جاؤ سستی پڑے گی''



AKU-EB Ma

درج بالا تصویر کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ایک مضمون تحریر کیجیے جس میں عصر حاضر کے مسائل کی نشان دہی کی گئی ہو۔

**ہدایات:**

1۔ اپنی تحریر کا عنوان تجویز کیجیے۔
2۔ حالیہ واقعات کو مدِّ نظر رکھیے۔
3۔ طنز و مزاح کو اپنی تحریر کا حصّہ بنائیے۔

AKU-EB May Examination 2017

براہِ کرم صفحہ الٹیے

AKU-EB May Examination 2017

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

جب رات ہو اور بجلی چلی جائے۔ آپ کمرے میں سو رہے ہوں۔ گرمی و گھٹن سے رات گزرنا مشکل ہو جائے۔ آپ ساری رات بے آرامی میں گزاریں، تو صبح یقیناً آپ چڑچڑے پن کا شکار ہوں گے اور آپ کی اسکول میں کارکردگی بھی انتہائی کم ہوگی۔

آپ اس تمام صورتِ حال کا ذمّے دار جس ادارے کو تصوّر کرتے ہیں اس کے نام ایک خط تحریر کیجیے اور اپنی مشکلات کو **تین** موئثر نکات میں بیان کرتے ہوئے کسی **ایک** مثال سے اس کی وضاحت بھی کیجیے۔

AKU-EB May Examination 2017

AKU-EB May Examination 2017

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB May Examination 2017

# Please use this page for rough work

AKU-EB May Examination 2017